According to the new content List for
PEF (FAS, EVS & NSP) PEIMA & PSRP **2025-26**

# AL-RAZI Conceptual QAT

## 18 TESTS SERIES

**100% SLOs in Question Bank**




**SLOs BASED PAPERS**

**PAST PAPERS**

**Grade 3**

**Salient Features**

- Additional Test for every SLO
- 2 Version (PEF & PECTAA Pattern) Papers
- PEF & PECTAA Grand Item Bank
- Previous QAT Questions

- Unit wise 12 Tests
- Half Book Syllabus 2 Tests
- Full Book Syllabus 4 Tests

# AL-RAZI

## Topic Wise
## &
## Chapter Wise

AL-RAZI PUBLICATIONS

AL-RAZI PUBLICATIONS

# QUESTION BANK

# MATHS

AL-RAZI PUBLICATIONS

# AL-RAZI Question Bank

## Based On All SLOs of Content List

**Unit 1:** Whole Numbers مکمل اعداد

### SLO 1.1: Roman Numbers رومن اعداد

**SLO 1.1.1:** Read and write Roman numbers up to 20.

20 تک رومن اعداد کو پڑھنا اور لکھنا

| Numbers اعداد | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Roman Numbers رومن اعداد | I | II | III | IV | V | VI | VII | VIII | IX | X |


| Numbers اعداد | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Roman Numbers رومن اعداد | XI | XII | XIII | XIV | XV | XVI | XVII | XVIII | XIX | XX |

**1. Write in the Roman Numbers.** رومن اعداد میں لکھیں۔


2 = ☐ 5 = ☐ 7 = ☐

9 = ☐ 12 = ☐ 16 = ☐

**2. Count the chocolates and write in Roman numbers.** چاکلیٹس گنیں اور تعداد کو رومن اعداد میں لکھیں۔



**3. Write the missing numbers.** چھوڑے گئے اعداد لکھیں۔




### SLO 1.2: Even & Odd Numbers جفت اور طاق اعداد

**SLO 1.2.1:** Recognize even and odd numbers up to 99 within a given sequence.





دی گئی ترتیب میں 99 تک جفت اور طاق اعداد کی پہچان کرنا۔

**SLO 1.2.2:** Differentiate between even and odd numbers within a given sequence.

دی گئی ترتیب میں جفت اور طاق اعداد کے درمیان فرق کرنا۔

**4. Count the following objects and write even / odd in the given box.**

درج ذیل اشیا گنیں اور دیے گئے خانے میں جفت یا طاق لکھیں۔

| | |
|---|---|
|  |  |
| | |
|  |  |
| | |

**5. Write even or odd in front of the given numbers.** دیے گئے اعداد کے سامنے جفت یا طاق لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 2 | | 15 | |
| 16 | | 64 | |




**6. Separate the even and odd numbers from the given numbers.**

دیے گئے اعداد میں سے جفت اور طاق اعداد الگ الگ کر کے لکھیں۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 8 | 12 | 25 | 31 | 40 | 54 | 67 |
| 41 | 76 | 53 | 82 | 71 | 90 | 95 |

**7. Write the number of the following objects and identify whether they are even or odd numbers.**

درج ذیل اشیا کی تعداد لکھیں اور بتائیں کہ وہ جفت اعداد ہیں یا طاق؟

| | |
|---|---|
|  |  |
| | |
|  |  |
| | |

**8. Identify even and odd from the given numbers and write them separately.**

دیے گئے اعداد میں سے جفت اور طاق کی نشاندہی کریں اور انھیں علیحدہ علیحدہ لکھیں۔

| Numbers | | | | اعداد |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 8 | 7 | 10 | 23 |
| 14 | 15 | 30 | 35 | 42 |
| 55 | 65 | 68 | 72 | 79 |
| 82 | 83 | 91 | 96 | 99 |

**9. Write the odd numbers between the given numbers.** دیے گئے اعداد کے درمیان آنے والے طاق اعداد لکھیں۔

(i) 4 and 16 — 4 اور 16

(ii) 20 and 34 — 20 اور 34

**10. Write the even numbers between the given numbers.** دیے گئے اعداد کے درمیان آنے والے جفت اعداد لکھیں۔

(i) 1 and 10 — 1 اور 10

(ii) 21 and 35 — 21 اور 35

**11. Separate the even and odd numbers from the given numbers.** دیے گئے اعداد میں سے جفت اور طاق اعداد کو الگ الگ کریں۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2 | 5 | 9 | 18 | 21 | 28 | 35 | 56 | 67 | 73 |
| 79 | 80 | 84 | 87 | 90 | 93 | 94 | 95 | 97 | 99 |

**SLO 1.3: Place Values مقامی قیمتیں**

**SLO 1.3.1:** Identify the place values of numbers up to 5-digit. اعداد کی 5 ہندسی اعداد تک مقامی قیمت کی پہچان کرنا۔

**SLO 1.4: Numbers up to 100,000**
**100,000 تک اعداد**

**SLO 1.4.1:** Read and write given numbers up to 100,000 in numerals and words.
دیے گئے اعداد کو 100,000 تک ہندسوں اور الفاظ میں لکھنا اور پڑھنا۔

**12. Write the following numbers in words.**
درج ذیل اعداد کو الفاظ میں لکھیں۔

**(a)** 5 342 **(b)** 7 123 **(c)** 5 321 **(d)** 8 035

**13. Write the following numbers in numerals.**
درج ذیل اعداد کو ہندسوں میں لکھیں۔

**(a) Five thousand eight hundred forty**
پانچ ہزار آٹھ سو چالیس

**(b) Six thousand three hundred sixty three**
چھ ہزار تین سو تریسٹھ

**14. Fill in the blanks.** خالی جگہ پُر کریں۔

**Sol:**

| | | Ten Thousands دس ہزار | Thousands ہزار | Hundreds سینکڑے | Tens دہائیاں | Ones اکائیاں |
|---|---|---|---|---|---|---|
| (a) | 2 347 | | | | | |
| (b) | 6 780 | | | | | |
| (c) | 34 560 | | | | | |

**15. Match with correct number.** درست عدد کے ساتھ ملائیں۔

| | |
|---|---|
| Seven thousand eight hundred سات ہزار آٹھ سو | 2 357 |
| Eighty two thousand six hundred fifty one بیاسی ہزار چھ سو اکیاون | 7 800 |
| Fifteen thousand seven hundred sixty three پندرہ ہزار سات سو تریسٹھ | 53 102 |
| Fifty three thousand one hundred two ترپن ہزار ایک سو دو | 15 763 |
| Two thousand three hundred fifty seven دو ہزار تین سو ستاون | 82 651 |

**16. Write the values of 4 and 6. 4 869**
**4 869** 4 اور 6 کی قیمتیں لکھیں۔

| Second Period دوسرا پیریڈ | First Period پہلا پیریڈ | | |
|---|---|---|---|
| Thousands ہزار | Ones اکائیاں | | |
| Thousands ہزار | Hundreds سینکڑے | Tens دہائیاں | Ones اکائیاں |
| Th | H | T | O |
| 4 | 8 | 6 | 9 |

**17. Write the place value of each digit of the numbers given below.**
درج ذیل اعداد کے ہر ہندسے کی مقامی قیمت لکھیں۔

**Sol:**

| | Ten Thousands دس ہزار | Thousands ہزار | Hundreds سینکڑے | Tens دہائیاں | Ones اکائیاں |
|---|---|---|---|---|---|
| | T.Th | Th | H | T | O |
| 2 357 | | | | | |
| 67 815 | | | | | |
| 82 301 | | | | | |


**18. Write the values of the encircled digit.**
دائرہ لگائے گئے اعداد کی قیمت لکھیں۔

**Sol:**

| | Numbers اعداد | Value of encircled digit دائرہ لگائے گئے عدد کی قیمت |
|---|---|---|
| (i) | 45⑥7 | |
| (ii) | 5③27 | |
| (iii) | 8⑤761 | |
| (iv) | 7043① | |

**19. Write the value of all digits.**
تمام ہندسوں کی قیمت لکھیں۔

T.Th Th H T O




**20. Find the given numbers in crossword puzzle. It may be horizontal or verticle.**
**Crossword Puzzle میں دیے گئے اعداد معلوم کریں۔ یہ افقی یا عمودی ہو سکتے ہیں۔**

**(i)** Seven thousand three hundred forty three
سات ہزار تین سو تینتالیس

**(ii)** Thirty seven thousand seven hundred twenty nine.
سینتیس ہزار سات سو انتیس

**(iii)** Six thousand three hundred seventy one
چھ ہزار تین سو اکہتر

AL-RAZI PUBLICATIONS

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 6 | 9 | 2 | 6 | 5 | 7 | 4 | 9 | 0 | 1 |
| 4 | 1 | 5 | 8 | 7 | 6 | 2 | 0 | 1 | 4 |
| 5 | 9 | 7 | 3 | 2 | 3 | 7 | 7 | 2 | 9 |
| 9 | 0 | 3 | 5 | 2 | 7 | 6 | 4 | 5 | 9 |
| 8 | 6 | 4 | 9 | 7 | 1 | 1 | 0 | 5 | 3 |
| 4 | 2 | 3 | 8 | 1 | 6 | 7 | 3 | 5 | 8 |

## SLO 1.5: Number Line نمبر لائن

**SLO 1.5.1:** Represent a given number on number line up to 2-digit numbers.


ایک دیے گئے عدد کو 2 ہندسی اعداد تک نمبر لائن پر ظاہر کرنا۔

**SLO 1.5.2:** Identify the value of a number from number line up to 2-digit numbers.

ایک عدد کی 2 ہندسی اعداد تک قیمت کی نمبر لائن پر پہچان کرنا۔

**21. Identify the position of each child on the number line (1 Unit = 1m).**

**ہر بچّے کی نمبر لائن پر پوزیشن بتائیں۔(1 یونٹ=1 میٹر)**




**22. Represent the following numbers on the number line.** **درج ذیل اعداد کو نمبر لائن پر ظاہر کریں۔**

(i) 9 ، 4 (ii) 5 ، 15 ، 25


(iii) 6 ، 12 ، 24 ، 36

**23. Write the values of objects on the given number line.** **دی گئی نمبر لائن پر اشیا کی قیمتیں لکھیں۔**




**24. Place the correct number card on the number line.** **دی گئی نمبر لائن پر درست قیمت والا عددی کارڈ لگائیں۔**

**21 ، 18 ، 9 and اور 6**




## SLO 1.6: Comparing & Ordering Numbers
## اعداد کا موازنہ اور ترتیب

**SLO 1.6.1:** Compare two numbers up to 3-digit using symbols "<" , ">" or " = "

علامات ">" , "<" یا " = " کا استعمال کرتے ہوئے دو اعداد کا 3 ہندسی اعداد تک موازنہ کرنا۔

**SLO 1.6.2:** Write the given set of numbers in ascending and descending order.

دیے گئے اعداد کے سیٹ کو ترتیب صعودی اور ترتیب نزولی میں لکھنا۔

**25. Use symbols "<" , ">" and "=" in the given boxes.**

**دیے گئے خانوں میں علامات "<"، ">" اور "=" کا استعمال کریں۔**

**(i)** 873 ☐ 426 **(ii)** 694 ☐ 706

**(iii)** 857 ☐ 857 **(iv)** 973 ☐ 824

**26. Encircle the greater number.**

**بڑے عدد کے گرد دائرہ لگائیں۔**

**(i)** 671 , 546 **(ii)** 248 , 249

**(iii)** 374 , 347 **(iv)** 738 , 659

**27. Write the given numbers in ascending and descending orders.**

**دیے گئے اعداد کو ترتیب صعودی اور نزولی میں لکھیں۔**

**(i)** 71 , 51 , 91 , 61 **(ii)** 85 , 52 , 73 , 41 , 67

**28. Make five numbers less than 321 and write them in ascending and descending order.**

**321 سے چھوٹے پانچ اعداد بنائیں اور اُن کو ترتیب صعودی اور نزولی میں لکھیں۔**

## SLO 1.7: Estimation تخمینہ

**SLO 1.7.1:** Round off a whole number to the nearest 10 and 100.

ایک مکمل عدد کو قریب ترین 10 اور 100 تک محدود کرنا۔

**29. Round off the following numbers to the nearest 10 and 100.**

**درج ذیل اعداد کو 10 اور 100 کے قریب ترین محدود کریں۔**

| Numbers اعداد | To the nearest 10 10 کے قریب ترین | To the nearest 100 100 کے قریب ترین |
|---|---|---|
| 26 | | |
| 52 | | |
| 327 | | |
| 385 | | |

AL-RAZI PUBLICATIONS

**30. Match the following numbers with correct value after rounding off.**

درج ذیل اعداد کو محدود کرنے کے بعد درست قیمت کے ساتھ ملائیں۔

**To the nearest 100** — **100 کے قریب ترین**

| | |
|---|---|
| 101 | 400 |
| 256 | 800 |
| 384 | 100 |
| 517 | 900 |
| 649 | 300 |
| 789 | 500 |
| 850 | 600 |

**31. Round off 26 to the nearest 10 on the number line.** 26 کو 10 کے قریب ترین نمبر لائن پر محدود کریں۔

## Review Exercise جائزہ مشق

1. **Write the following digits in Roman numbers.**

درج ذیل اعداد کو رومن اعداد میں لکھیں۔

| 2 | 5 | 8 | 11 | 15 |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

2. **Write the place values of encircled digits in the following numbers.**

درج ذیل اعداد میں دائرہ لگائے گئے ہندسوں کی مقامی قیمتیں لکھیں۔

| Numbers اعداد | Place value of encircled digits دائرے والے ہندسوں کی مقامی قیمت |
|---|---|
| 5(3)42 | |
| 7(0)6 3 | |

3. **Write the following numbers in words.**

درج ذیل اعداد کو الفاظ میں لکھیں۔

| | |
|---|---|
| 647 | |
| 7 265 | |

4. **Write the following numbers in ascending and descending order.**

درج ذیل اعداد کو ترتیب صعودی اور ترتیب نزولی میں لکھیں۔

**(i)** 27 , 21 , 3 , 45 **(ii)** 512 , 321 , 445 , 241 , 114

5. **Write the missing numbers on the number line.**

نمبر لائن پر چھوڑے گئے اعداد لکھیں۔

0 50 ☐ 150 200 ☐ ☐ 350 400 ☐

6. **Compare 928 and 985 by using "<" or ">"**

"<" یا ">" کا استعمال کرتے ہوئے 928 اور 985 کا موازنہ کریں۔

**نوٹ:** درج بالا تمام میتھڈز سٹوڈنٹس کو سمجھا دیں۔ پیپر میں ان SLOs سے ملتے جلتے سوال آئیں گے۔

## Unit 2: Number Operations اعداد پر عوامل

### SLO 2.1: Addition جمع

**SLO 2.1.1:** Add numbers up to 4-digit with and without carrying.

اعداد کو 4 ہندسی اعداد تک حاصل جمع کے ساتھ اور حاصل جمع کے بغیر جمع کرنا۔

**SLO 2.1.2:** Add numbers up to 100 using mental strategies. ذہنی حکمت عملی استعمال کرتے ہوئے اعداد کو 100 تک جمع کرنا۔

**SLO 2.1.3:** Solve real life number stories up to 4-digit with and without carrying involving addition.

حاصل جمع کے ساتھ اور حاصل جمع کے بغیر روزمرہ زندگی سے عددی کہانیوں کو 4 ہندسی اعداد تک جمع کرنا۔

1. **Add the following numbers.** درج ذیل اعداد کو جمع کریں۔

**(i)** 5794 , 3825 **(ii)** 4752 , 3596
**(iii)** 5496 , 2179 **(iv)** 6243 , 5727

2. **There are 3 454 orange trees and 2 345 guava trees in an orchard. Find the total number of trees.**

ایک باغ میں مالٹے کے 3 454 اور امرود کے 2 345 درخت ہیں۔ درختوں کی کل تعداد معلوم کریں۔

3. **Solve mentally** زبانی حل کریں:

**(i)** 15 + 16 = ☐ **(ii)** 52 + 18 = ☐
**(iii)** 59 + 10 = ☐ **(iv)** 47 + 32 = ☐

### SLO 2.2: Subtraction تفریق

**SLO 2.2.1:** Subtract numbers up to 4-digit with and without borrowing.

اعداد کو 4 ہندسی اعداد تک حاصل تفریق کے ساتھ اور حاصل تفریق کے بغیر تفریق کرنا۔

**SLO 2.2.2:** Subtract numbers up to 100 using mental strategies.

ذہنی حکمت عملی استعمال کرتے ہوئے اعداد کو 100 تک تفریق کرنا۔

**SLO 2.2.3:** Solve real life number stories up to 4-digit with and without borrowing involving subtraction.

حاصل تفریق کے ساتھ اور حاصل تفریق کے بغیر روزمرہ زندگی سے عددی کہانیوں کو 4 ہندسی اعداد تک تفریق کرنا۔

4. **Solve the following.** درج ذیل کو حل کریں۔

i) 3 5 4 6 − 2 3 2 4 = ______

ii) 5 7 9 6 − 3 4 5 3 = ______

5. **Subtract mentally.** زبانی تفریق کریں۔

**(i)** 80 – 24 = ☐ **(ii)** 67 – 25 = ☐

6. **A book has 1 535 pages in all. Zarina has read 424 pages. How many pages are left to read?**

ایک کتاب کے کل صفحات 1 535 ہیں۔ زرینہ نے 424 صفحات پڑھ لئے ہیں۔ کتنے صفحات پڑھنے باقی ہیں؟

# QUESTION BANK

# ENGLISH

AL-RAZI PUBLICATIONS

# AL-RAZI Question Bank

## *Based On All SLOs of Content List*

## Careful Exam Preparation

الرازی کوئسچن بینک میں QAT کنٹینٹ لسٹ کے تمام ٹاپکس/SLOs شامل کیے گئے۔ جوابات کو رٹا لگوانے کے بجائے سمجھا کر کنسیپٹ کلیئر کرائیں کیوں کہ پیپر میں اس سے ملتے جلتے سوالات دیے جاتے ہیں۔ آخر میں پیپر کے مخصوص گیس والے سوالات کی پریکٹس دی گئی ہے اس پر زیادہ فوکس کریں۔

## Unit 1 — All are Welcome سب کا خیر مقدم ہے




**Topics of the Student's Learning Outcomes (SLOs)**

### Topic-1 Comprehension *(analytical reading)*

❐ یہ سوال سبق کے مطالعہ کے علاوہ اس کی تفہیم کی مہارت پیدا کرنے کے لیے اہم ہے۔ پیپر میں پیراگراف سے دو سوالوں کے جوابات لکھنے ہوتے ہیں۔

☆ **Read the following paragraph carefully and answer the questions given below.**

A very important rule is to keep our classroom clean. The things we need are: brush, a mop, a water bucket, a duster, liquid soap and a sign board to show if the floor is wet. This habit will help us to keep our school and home clean.

1. **What is the given paragraph about?**
**Ans.** The given paragraph is about the cleanliness of the classroom.
2. **Which soap is used in the classroom?**
**Ans.** Liquid soap is used in the classroom.

### Topic-2 Alphabetical Order

❐ الفاظ کو ایلفابیٹیکل آرڈر میں لکھنے سے مراد ہے کہ الفاظ کو اُن کے پہلے لیٹر کے اعتبار سے ABC کی ترتیب سے لکھیں، مثال کے طور پر: (A) apple/apricot
(C) carrot/corn (B) banana/bunch

☆ **Write the following words in alphabetical order.**
**poem, poster, through, fun, learn.**

**Ans:** fun, learn, poem, poster, through

### Topic-3 Spelling Activity

❐ درست تحریر کے لیے سپیلنگز ذہن نشین کرنا از حد ضروری ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| red | blue | orange |
| yellow | green | purple |

### Topic-4 Words & their Opposites *(QAT)*

❐ ورڈز اینڈ اوپوزٹس سے مراد ہے کہ ہر لفظ کا الٹ بھی ہوتا ہے جیسے:
Death/موت، Life/زندگی ________ White/گورا، Black/کالا

**Match the words with their opposites.**
**Ans.**

| Words | | Opposites |
|---|---|---|
| good | → | bad |
| clean | → | dirty |
| kind | → | unkind |
| polite | → | rude |
| happy | → | sad |
| healthy | → | unhealthy |

### Topic-5 Soft Sounds of C & G *(QAT)*

❐ جب کسی لفظ میں 'c' کی آواز 'س' ہو تو یہ 'c' کی سافٹ ساؤنڈ کہلاتی ہے، مثال کے طور پر: سائیکل/cycle لیکن جب کسی لفظ میں 'c' کی آواز 'ک' ہو تو یہ c کی ہارڈ ساؤنڈ کہلاتی ہے، مثال کے طور پر: کیٹ/cat

| soft sound of 'c' |
|---|
| city, pencil, face |

**(ii) Listen and encircle words with soft sound of 'c'.**

fence, cat, can, dice, cap, case,
cow, cycle, cute, cake, mice, court.

❐ جب کسی لفظ میں 'g' کی آواز 'ج' ہو تو یہ 'g' کی سافٹ ساؤنڈ کہلاتی ہے، مثال کے طور پر: جنٹل/gentle لیکن جب کسی لفظ میں 'g' کی آواز 'گ' ہو تو یہ g کی ہارڈ ساؤنڈ کہلاتی ہے، مثال کے طور پر: گیم/game

| soft sound of 'g' |
|---|
| giant, orange, pigeon |

**(iii) Listen and encircle words with soft sound of 'g'.**

gold, germ, gram, pigeon,
page, German, grass, giant,
grant, grain, orange, ring, ginger

### Topic-6 Consonant Clusters

❐ جب کسی لفظ میں دو کانسوننٹ لیٹرز اکٹھے ہوں تو یہ کانسوننٹ کلسٹر کہلاتے ہیں، مثال کے طور پر سپرنگ/spring، ٹرک/truck (یاد رکھیں کہ ایک کانسوننٹ کلسٹر میں ہر لیٹر کی آواز برقرار رہتی ہیں جیسے ٹرک truck میں 'tr' کانسوننٹ کلسٹر ہے اور اس t اور r کی آواز برقرار رہتی ہے۔

**(i) Read the following words and notice the sound of consonant clusters:**

| Consonant Cluster | Initial Position | Final position |
|---|---|---|
| **sh** | **sh**ip, **sh**irt, **sh**rub | di**sh**, fi**sh**, bru**sh** |
| **st** | **st**op, **st**amp, **st**ick, **st**udy | du**st**, mu**st**, fir**st**, cru**st** |

**نوٹ:** مثال تصحیح طلب ہے/ لیٹرز 'sh' کانسوننٹ کلسٹر نہیں ہیں بلکہ یہ ڈائی گراف/digraph ہیں کیوں کہ یہ دونوں لیٹرز اپنی انفرادی آواز کھو کر ایک نئی آواز 'ش' پیدا کرتے ہیں۔

AL-RAZI PUBLICATIONS

**(ii) *(QAT)* Make two more words with the consonant clusters 'sp' and 'st'.**

**Ans:**

| | | |
|---|---|---|
| **sp** | **speed** | **spot** |
| **st** | **st**one | **st**ory |

## Topic-7 Syllabic Division

❐ ایک لفظ کی ناٹوٹنے والی آواز سلیبل کہلاتی ہے۔ ہر سلیبل میں ایک واول کی آواز لازماً ہوتی ہے مثال کے طور پر: for-est , war-ner , per-fect

| Multisyllable Words | Syllables | Syllable-Division in Colours |
|---|---|---|
| classroom | **2** | **class-room** |
| consonants | **3** | **con-so-nants** |
| clusters | **2** | **clus-ters** |
| playground | **2** | **play-ground** |
| correct | **2** | **cor-rect** |
| happy | **2** | **hap-py** |

**paragraph-pa.ra.graph (3 syllables)**

## Topic-8 Proper & Common Nouns *(QAT)*

❐ ایک ہی قسم کے سب لوگوں یا چیزوں کا مشترکہ نام کامن ناؤن کہلاتا ہے، جیسے بڑے تنے والے ہر پودے کو درخت کہا جاتا ہے۔

❐ جب ایک ہی قسم کے لوگوں یا جگہوں کو اِن کی انفرادی شناخت کے لیے کوئی الگ نام دیا جائے تو یہ پراپر ناؤن کہلاتا ہے، مثلاً عدنان، لاہور وغیرہ۔

**Underline the proper nouns and circle the common nouns in the given sentences.**

- Pakistan is my country.
- My sister's name is Maryam.
- I like chocolate ice-cream.
- **List five proper nouns and five common nouns from your surroundings.**

| Proper Nouns | Common Nouns |
|---|---|
| Ahmad | men |
| Salma | women |
| Lahore | streets |
| Tom | city |
| Monday | monkey |

## Topic-9 Our Class Rules

| | | |
|---|---|---|
| **- USE- MANNERS AND BE POLITE** | **HELP OTHERS** | **BE KIND - TO - OTHERS** |
| **BE READY TO LEARN EVERYDAY** | **LOOK AFTER - YOUR - SCHOOL** | **FOLLOW INSTRUCTIONS** |

## Topic-10 Creative Writing

❐ کریٹو رائٹنگ طلبہ کی خداداد صلاحیتوں اور سیکھی ہوئی مہارتوں کو بروئے کار لانے اور اِن میں نکھار پیدا کرنے میں مدد کرتی ہے۔

### My Classroom

This is my classroom. It is a big and airy classroom. Forty students study in it. The name of our English teacher is Miss. Nadia. We have seven periods in a day. We also have fun activities like hangman, puzzles and hot potato. All the furniture is very nice and comfortable. I like my classroom very much.

## Topic-11 Sentence-Making

❐ الفاظ کا جملوں میں استعمال ہمیں ان کے حقیقی معنی و مفہوم کو سمجھنے میں مدد دیتا ہے۔ ہم ایسے الفاظ کو جملوں میں استعمال نہیں کر سکتے ہیں جن کا معنی ہمارے ذہن میں واضح نہ ہو۔


☆ **Use the following words in meaningful sentences.**

| | | |
|---|---|---|
| Learn | Good | Clean |
| English | Classroom | Poster |

# Unit 2

## Gifts of Nature فطرت کے تحائف

## Golden Sun سنہرا سورج



**Topics of the Student's Learning Outcomes (SLOs)**

## Topic-1 Comprehension *(analytical reading)*

☆ **Read the following paragraph carefully and answer the questions given below.**

This is a post office. Mr. Qamar is a postman here. We can send and receive letters, money orders, and birthday cards from here. We post our letters in a box. This box is outside of the post office. A post office is located in every village, town and city. The postman hands over the letters.



**1. What is the paragraph about?**

**Ans.** The paragraph is about a Post Office.

**2. Who hands over the letters?**

**Ans.** The Postman hands over the letters.

## Topic-2 Short & Long Vowels

❐ ہر واول لیٹر دو قسم کی آواز دیتا ہے یعنی شارٹ واول اور لانگ واول ساؤنڈ۔ جب لفظ میں موجود واول اپنے لیٹر جیسی آواز دے تو یہ لانگ واول کہلاتا ہے۔ مثال کے طور پر لیٹر 'E' کو 'ای' پڑھا جاتا ہے جب یہ کسی لفظ میں اپنے لیٹر جیسی آواز دے تو یہ لانگ واول کہلائے گا، مثال کے طور پر گری۔ن۔green ،می۔ٹ۔meet لیکن جب یہ واول لیٹر کسی لفظ میں اپنے لیٹر جیسی آواز نہ دے تو یہ شارٹ واول کہلائے گا، مثال کے طور پر ٹ۔ین۔ten ،نیٹ۔net ذیل میں شارٹ اور لانگ واول ساؤنڈ کو زبان سے ادا کریں اور ذہن نشین کریں۔

**Examples:**

| | | | |
|---|---|---|---|
| hit | heat | cat | card |

| Vowels | Short Sounds | Long Sounds |
|---|---|---|
| **a** | hat | hard |
| **e** | bed | bee |
| **i** | ink | ice |

# QUESTION BANK

# URDU

AL-RAZI PUBLICATIONS

# AL-RAZI Question Bank

## Based On All SLOs of Content List

| سبق 1 | حمد (نظم) |
|---|---|

**شاعر کا نام (اختر شیرانی)**

☆ دیے ہوئے الفاظ کے معانی تحریر کریں۔

| عظمت | جہان/جہاں | سَنسار | قُدرت | سنوارے | سَمے |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

## (حصہ اوّل)

❖ آپ نے کیا سمجھا؟ (SLO)

☆ دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) پھول کہاں کھلتے ہیں؟

(ب) ''حَمد'' میں کن چیزوں کو چراغ کہا گیا ہے؟

(ج) اس نظم میں کن کن نظاروں کی بات کی گئی ہے؟

(د) خدا کی وَحدَت سے کیا مراد ہے؟

☆ نظم کے مطابق درست الفاظ لکھ کر مصرعے مکمل کریں۔

- وہ سارے سنسار کا خُدا ہے
- خُدا کی عظمت کے گیت گاؤ
- خُدا کی قدرت کے ہیں نظارے
- اُسی کی قدرت نے ہیں نکھارے
- خُدا کی کرتے ہیں حَمد سارے


## (حصہ دوم)

❖ لفظوں کا کھیل (SLO)

☆ خالی جگہ میں درست حروف لکھ کر ہم آواز الفاظ بنائیں اور لکھیں۔

اشارے:

| ل | ا | کھ | ء | ت |
|---|---|---|---|---|




## (حصہ سوم)

❖ قواعد سیکھیں (SLO)

☆ الفاظ اور ان کے مترادف چُن کر جوڑیوں کی صورت میں ملائیں۔

| گُل | تاریکی | پھول | اندھیرا | فلک | دُشوار |
|---|---|---|---|---|---|

| خُوب صورت | آسمان | نیک | حسین | مُشکل | اچھا |
|---|---|---|---|---|---|

☆ دی ہوئی تصویر غور سے دیکھیں اور اس سے متعلق فعل ماضی کے پانچ جملے کاپی میں لکھیں۔



❖ کچھ نیا لکھیں (SLO)

☆ آپ کی کون سی پانچ ایسی دُعائیں ہیں، جو آپ چاہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ قبول کر لے؟ مختصر جملوں میں لکھ کر بتائیں۔

☆ دی ہوئی تصویر کو غور سے دیکھیں اور اس میں دکھائی گئی اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی اہمیت سے متعلق چھے جملے کاپی میں لکھیں۔



| سبق 2 | نعت (نظم) |
|---|---|

**شاعر کا نام (خواجہ عابد نظامی)**

☆ دیے ہوئے الفاظ کے معانی تحریر کریں۔

| اُجالا | اعلیٰ | تبدیل ہونا | حق | کلام | مقام |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

## (حصہ اوّل)

❖ آپ نے کیا سمجھا؟ (SLO)

☆ دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ جب پیدا ہوئے تو عرب کے حالات کیسے تھے؟

(ب) لوگوں کی زندگی میں تبدیلی کیسے آئی؟

(ج) ''ہُوا جن پہ نازل خدا کا کلام'' سے کیا مُراد ہے؟

(د) سب نبیوں میں کس نبی کا مقام بلند ہے اور کیوں؟

## (حصہ دوم)

❖ لفظوں کا کھیل (SLO)

☆ مثال کے مطابق دیے ہوئے اعداد کی لفظی گنتی لکھیں اور معمے میں سے اُن کی نشان دہی کریں۔

۲ دو ۴ چار ۲۰ بیس ۷ سات ۹ نو ۱۷ سترہ

۱۲ بارہ ۱۹ انیس ۱۶ سولہ ۱۰ دس ۱۸ اٹھارہ ۱۴ چودہ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| چ | و | و | ہ | ب | چھ | ا |
| ب | ن | و | ج | ا | ج | ٹھ |
| س | و | ل | ہ | ر | ب | ٹھ |
| ج | س | ت | ر | ہ | ی | ا |
| د | ا | ن | ن | ی | س | ر |
| س | ا | ت | چ | ا | ر | ہ |

## (حصہ سوم)

❖ **قواعد سیکھیں**

☆ **خط کشیدہ الفاظ کے متضاد لکھ کر جملے مکمل کریں۔**

❍ شاگرد ہمیشہ اُستاد کی عزّت کرتا ہے۔

❍ اسلام میں کسی گورے کو کالے پر کوئی برتری حاصل نہیں۔

❍ اللہ تعالیٰ ہمارا خالق اور ہم اُس کی مخلوق ہیں۔

❍ ہمیشہ سچ بولو اور جھوٹ سے بچو۔

❍ ہار اور جیت کھیل کا حصہ ہیں۔

☆ **جملوں کے سامنے دیے ہوئے واحد کے جمع بنا کر خالی جگہ پُر کریں۔**

❍ تار پر طوطے بیٹھے تھے۔ — طوطا

❍ امّی جان بازار سے میوے لائیں۔ — میوہ

❍ بڑھئی نے لکڑی کے دروازے بنائے۔ — دروازہ

❍ سارہ کو سالگرہ پر بہت سے تحفے ملے۔ — تحفہ

❍ مالی نے کیاری میں پودے لگائے۔ — پودا

❍ ٹوکری میں انڈے ہیں۔ — انڈا

❖ **کچھ نیا لکھیں**

☆ **دیے ہوئے الفاظ کی مدد سے حضرت محمد رَسُوْلُ اللہِ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ کے بارے میں سات جملے اپنی کاپی میں لکھیں۔**

(۱) مکّہ مکرمہ (۲) والد اور والدہ کا نام (۳) غارِ حرا

(۴) رحمۃ للعالمین (۵) اعلیٰ اَخلاق (۶) آخری نبی

(۷) قرآنِ مجید (۸) مسجدِ نبوی

## سبق 3 بے مثل ہے ذات رسول کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ کی

☆ دیے ہوئے الفاظ کے معانی تحریر کریں۔

| کثرت | امین | سُستانا | صادق | مِنبر |
|---|---|---|---|---|

## (حصہ اوّل)

❖ **آپ نے کیا سمجھا؟**

☆ **دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیں۔**

**(الف)** مکّہ مکرمہ کے لوگ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ کو صادق اور امین کیوں کہتے تھے؟

**(ب)** نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ نے کس چیز کو ایمان کی شرط قرار دیا؟

**(ج)** نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ ﷺ نے اُونٹ دیکھ کر مسافروں سے کیا پوچھا اور انھوں نے کیا جواب دیا؟

**(د)** مِنبر پر کھڑے ہو کر خطبہ دینے والے اجنبی شخص کون تھے؟

**(ہ)** دیانت داری کے دو فوائد لکھیں۔

## (حصہ دوم)

❖ **لفظوں کا کھیل**

☆ **خالی جگہ میں درست حروف لکھ کر الفاظ بنائیں اور اُن پر اعراب لگائیں۔**

| | حروف | الفاظ |
|---|---|---|
| مثال: | ص۔ح۔ح۔ت | صِحّت |
| | ا۔م۔ا۔ن۔ت | اَمانَت |
| | ص۔ا۔د۔ق | صادِق |
| | ت۔ک۔م۔ی۔ل | تکْمِیل |
| | م۔ج۔م۔و۔ع۔ہ | مَجْمُوْعَہ |
| | ع۔ز۔ز۔ت | عِزّت |

## (حصہ سوم)

❖ **قواعد سیکھیں**

☆ **دیے ہوئے جملے پڑھیں۔**

❍ یہ قلم کس کا ہے؟ ❍ دروازے پر کون ہے؟

ان جملوں میں کوئی بات یا سوال پوچھا گیا ہے۔ وہ جملے جن میں کوئی بات یا سوال پوچھا جائے، ''اِستفہامیہ جملے'' کہلاتے ہیں۔ ان جملوں میں حروفِ استفہام'' کیا، کیوں، کہاں، کون، کب'' وغیرہ کا استعمال کیا جاتا ہے اور جملے کے آخر میں سوالیہ نشان (؟) لگایا جاتا ہے۔

☆ **دیے ہوئے جملے پڑھیں اور مثال کے مطابق مذکر اسما کے مؤنث اور مؤنث اسما کے مذکر لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔**

**مثال:** باورچی نے سبزی کاٹی اور باورچن نے کھانا پکایا۔

❍ بادشاہ نے ملکہ کو خوب صورت ہار دیا۔

❍ مالی نے پودے لگائے اور مالن نے انھیں پانی دیا۔

❍ نانی جان نے اپنے نواسے اور نواسیوں کو عیدی دی۔

❍ مالک کی ایک آواز پر خادم اور خادمہ دوڑے چلے آئے۔

❖ **کچھ نیا لکھیں**

☆ **دیانت داری سے کیا مراد ہے اور بحیثیتِ طالبِ علم آپ کن کن معاملات میں دیانت داری کا مظاہرہ کر سکتے ہیں؟ چند جملوں میں لکھ کر بتائیں۔**

AL-RAZI PUBLICATIONS

## (حصہ سوم)

❖ **قواعد سیکھیں**

**۵۔ دیے ہوئے جملوں میں سے فعل ماضی، فعل حال اور فعل مستقبل کے جملے الگ الگ کر کے متعلقہ خانوں میں لکھیں۔**

| | |
|---|---|
| احمد نے ضرورت مند شخص کی مدد کی۔ | مچھلیاں پانی میں تیرتی ہیں۔ |
| لڑکے فٹ بال کھیلیں گے۔ | ہم کل چڑیا گھر کی سیر کے لیے جائیں گے۔ |
| دانش نے نماز ادا کی۔ | آمنہ ہمیشہ سچ بولتی ہے۔ |

| فعل ماضی | فعل حال | فعل مستقبل |
|---|---|---|
| احمد نے ضرورت مند شخص کی مدد کی۔ | مچھلیاں پانی میں تیرتی ہیں۔ | ہم کل چڑیا گھر کی سیر کے لیے جائیں گے۔ |
| دانش نے نماز ادا کی۔ | آمنہ ہمیشہ سچ بولتی ہے۔ | لڑکے فٹ بال کھیلیں گے۔ |

**واحد جمع**

❑ **دیے ہوئے الفاظ غور سے پڑھیں۔**

| واحد | جمع | واحد | جمع |
|---|---|---|---|
| کہانی | کہانیاں | انگوٹھی | انگوٹھیاں |

اوپر دیے ہوئے واحد الفاظ کے آخر میں ''اں'' لگا کر اُن کی جمع بنائی گئی ہے۔ ایسے الفاظ جو مؤنث کے لیے بولے جاتے ہیں، ان کی جمع بنانے کے لیے واحد الفاظ کے آخر میں ''اں'' کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

☆ **جملوں کے سامنے دیے ہوئے واحد الفاظ کی جمع بنا کر خالی جگہ پُر کریں۔**

| | |
|---|---|
| ☆ لاہور میں بے شمار کالج اور یُونی ورسٹیاں ہیں۔ | یُونی ورسٹی |
| ☆ باغ میں تِتلیاں اُڑ رہی تھی۔ | تِتلی |
| ☆ نانی جان نے بچّوں کو کہانیاں سنائیں۔ | کہانی |
| ☆ پُل کے اوپر سے گاڑیاں گزر رہی تھیں۔ | گاڑی |
| ☆ آزاد کشمیر میں خُوب صورت ندیاں بہتی ہیں۔ | ندی |

❖ **کچھ نیا لکھیں**

**۱۰۔ دیے ہوئے اشاروں کی مدد سے پیارے وطن پاکستان کے بارے میں پانچ جملے لکھیں۔**

| | | |
|---|---|---|
| کب وجود میں آیا؟ | | مقامات |
| صوبے، دارالحکومت | میرا وطن | قومی زبان |
| مشہور کھانے | | کس کی قیادت میں بنا؟ |

## مضامین

### میرا سکول





میں جناح پبلک سکول میں پڑھتا ہوں۔ یہ جھوک بھٹہ میں واقع ہے۔ اس کی عمارت نہایت خوب صورت ہے۔ سکول کے کمرے ہوادار اور صاف ستھرے ہیں۔ ہمارے سکول میں ایک کھیل کا میدان اور باغیچہ بھی ہے۔ باغیچے میں مختلف قسم کے درخت، پودے اور رنگ برنگے پھول دار پودے بھی ہیں۔ ہمارے سکول میں کھیلوں اور تقریروں کے مقابلے بھی ہوتے ہیں۔ ہمارے سکول کے پرنسپل طاہر عباس انتہائی محنتی اور فرض شناس ہیں۔ ہمارے سکول کے اساتذہ بہت محنتی ہیں۔ ہمارے سکول کا نتیجہ ہمیشہ شاندار ہوتا ہے۔ میں اپنے سکول سے بہت پیار کرتا ہوں۔

### ہمارا گاؤں




ہمارے گاؤں کا نام جھوک بُھٹہ ہے۔ یہ تونسہ شریف سے چار کلومیٹر کے فاصلے پر شمال میں واقع ہے۔ ہمارے گاؤں کی آبادی تقریباً چار ہزار ہے۔ اس کے تمام مکانات سادہ، کھلے اور صاف ستھرے ہیں۔ گاؤں کے قریب ہی ایک نہر ہے۔ یہاں کے لوگ زیادہ تر کھیتی باڑی کرتے ہیں۔ کچھ لوگ ملازمت پیشہ بھی ہیں۔ یہاں کوئی بازار نہیں صرف چند دکانیں ہیں۔ یہاں کے لوگ تعلیم یافتہ اور بہت شریف ہیں۔ ہمارے گاؤں میں بوائز اور گرلز پرائمری سکول بھی ہیں۔ مجھے اپنے گاؤں پر فخر ہے۔

### ہمارے پیارے رسول خاتَمُ النَّبِیّین ﷺ



ہمارے پیارے نبی خاتَمُ النَّبِیّین ﷺ کا نام حضرت محمد رَسُوْلُ اللہِ خاتَمُ النَّبِیّین ﷺ ہے۔ آپ خاتَمُ النَّبِیّین ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی خاتَمُ النَّبِیّین ﷺ ہیں۔ آپ خاتَمُ النَّبِیّین ﷺ ۱۲ ربیع الاول ۵۷۱ عیسوی کو مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔ آپ خاتَمُ النَّبِیّین ﷺ کے والد کا نام حضرت عبداللہ تھا۔ آپ خاتَمُ النَّبِیّین ﷺ ہمیشہ سچ بولتے تھے اس لیے سب آپ خاتَمُ النَّبِیّین ﷺ کو صادق کہتے تھے۔ چالیس سال کی عمر میں اللہ تعالیٰ نے آپ خاتَمُ النَّبِیّین ﷺ کو نبوت عطا کی اور آپ خاتَمُ النَّبِیّین ﷺ پر قرآن مجید نازل فرمایا۔ آپ خاتَمُ النَّبِیّین ﷺ ۱۲ ربیع الاول ۱۱ ہجری کو وصال فرما گئے۔ آپ خاتَمُ النَّبِیّین ﷺ کی زندگی پوری انسانیت کے لیے نمونہ ہے۔ آپ خاتَمُ النَّبِیّین ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں۔

### ہمارا وطن



ہمارے وطن کا نام اسلامی جمہوریہ پاکستان ہے۔ آزادی سے پہلے یہاں انگریزوں کی حکومت تھی اور ہندوؤں کی اکثریت تھی۔ مسلمان رہنماؤں نے جان لیا کہ انگریزوں کے بعد ہندو ہندوستان پر قابض ہو جائیں گے۔ علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ اور قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ مسلمانوں کے علیحدہ وطن کے لیے کوشش کرنے لگے۔ آخر کار ان کی محنت رنگ لائی اور ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو پاکستان معرض وجود میں آیا۔ قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ پاکستان کے پہلے گورنر جنرل بنے۔ پاکستان کے چار صوبے ہیں۔ پاکستان کا دارالحکومت اسلام آباد ہے۔ ہماری قومی زبان اُردو ہے۔ ہم سب کو اپنے وطن کی حفاظت، ترقی اور خوشحالی کے لیے دن رات محنت کرنی چاہیے۔ ہمیں اپنا وطن جان سے پیارا ہے۔

# QUESTION BANK

# GENERAL KNOWLEDGE

AL-RAZI PUBLICATIONS

# AL-RAZI Question Bank
## *Based On All SLOs of Content List*

## یونٹ1: سورج

**SLOs Contents**

1.1 تعارف  1.2 سورج کا طلوع اور غروب  1.3 بنیادی سمتیں
1.4 سایہ کی بناوٹ  1.5 سرگرمیاں اور مشق

### حل شدہ مشقی سوالات

**س1: مناسب الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پر کریں۔**

(i) زمین اپنے محور میں سورج کے گرد گھومتی ہے۔
(ii) سائے کی جسامت سے وقت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔
(iii) سایہ روشنی کی مخالف سمت میں بنتا ہے۔
(iv) سورج مغرب میں غروب ہوتا دکھائی دیتا ہے۔
(v) صبح اور شام کے وقت سایہ لمبا ہوتا ہے۔

**س2: درج ذیل تصاویر کو سامنے رکھتے ہوئے سائے کی مدد سے صبح، دوپہر اور شام کے اوقات کی نشان دہی کریں۔**




| صبح | دوپہر | شام |
|---|---|---|

**س3: درج ذیل بیانات کو غور سے پڑھیں اور صحیح، غلط کی نشان دہی کریں۔**

(i) مشرق کی مخالف سمت میں شمال ہے۔ ✘
(ii) سائے کی جسامت دن کے مختلف حصوں میں مختلف ہوتی ہے۔ ✔
(iii) صبح اور شام کے وقت چیزوں کے سائے ان کی اصل جسامت سے لمبے ہوتے ہیں۔ ✔
(iv) سائے کی تبدیلی سے وقت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ ✔
(v) روشنی سیدھی لائن میں سفر کرتی ہے۔ ✔

**س4: درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔**

**(i) بنیادی سمتوں کے نام لکھیں۔**
**جواب:** بنیادی سمتوں کے نام درج ذیل ہیں:
1. مشرق  2. مغرب
3. شمال  4. جنوب

**(ii) سایہ کس طرح بنتا ہے؟ (QAT)**
**جواب:** اگر روشنی کے راستے میں کوئی غیر شفاف چیز آ جائے تو روشنی اس میں سے گزر نہیں سکتی یوں اس چیز کا سایہ بنتا ہے۔

**(iii) سورج مشرق سے طلوع ہوتا کیوں دکھائی دیتا ہے؟**
**جواب:** زمین سورج کے گرد اپنے محور میں مغرب سے مشرق کی جانب گردش کرتی ہے اس وجہ سے سورج مشرق سے طلوع اور مغرب میں غروب ہوتا دکھائی دیتا ہے۔

### اضافی کثیر الانتخابی سوالات

☆ **درج ذیل میں سے درست جواب کے دائرہ کو بھریں۔**

**1. سورج کس سمت سے طلوع ہوتا ہے؟**
A جنوب سے  B شمال سے  C مشرق سے  D مغرب سے

**2. بنیادی سمتیں ہیں:**
A ایک  B دو  C تین  D چار

**3. آپ اگر مشرق کی طرف منہ کر کے کھڑے ہو جائیں تو آپ کے بائیں جانب سمت ہوگی:**
A مشرق  B مغرب  C جنوب  D شمال

**4. روشنی کی شعاعیں سفر کرتی ہیں:**
A اُلٹی  B سیدھی  C ترچھی  D مذکورہ تمام


**5. دوپہر کے اوقات میں سایہ ہوتا ہے:**
A چھوٹا  B باریک  C لمبا  D ترچھا

**6. اگر کسی جسم کو سورج کے سامنے رکھا جائے تو جسم کا سایہ کس سمت میں بنے گا؟**
A دائیں  B بائیں  C پیچھے  D اوپر

**7. سایہ بننے کے لیے کس ماخذ کا ہونا ضروری ہے؟**
A ہوا  B روشنی  C پانی  D سمت

**8. جب ہم روشنی کے راستے میں کوئی غیر شفاف جسم رکھیں تو روشنی:**
A گزر جائے گی  B راستہ تبدیل کرے گی
C شدید ہو جائے گی  D سایہ بنائے گی

**9. دی گئی تصویر میں لیبل شدہ حصہ 'A' کس سمت کو ظاہر کرتا ہے؟**




A مشرق  B مغرب
C جنوب  D شمال

**10. سایہ اس وقت بنتا ہے جب روشنی ............... پر پڑتی ہے۔**
A غیر شفاف چیز  B شفاف چیز  C غیر چمکدار چیز  D چمک دار چیز

### SLOs کے مطابق اضافی مختصر سوالات

1. بنیادی سمتوں کے نام لکھیں۔
2. زمین اَن گنت اجسام سے مل کر بنتی ہے ان میں سے دو کے نام بتائیں؟
3. سورج مشرق سے طلوع ہوتا کیوں دکھائی دیتا ہے؟
4. موسم کیسے بنتے ہیں؟
5. دن اور رات کیسے بنتے ہیں؟
6. زمین کے کس حصے میں دن ہوتا ہے اور کس حصے میں رات ہوتی ہے؟
7. زمین سورج کے گرد اپنے مدار میں ایک چکر کتنے دنوں میں مکمل کرتی ہے؟
8. زمین اپنے محور میں ایک چکر کتنے گھنٹوں میں مکمل کرتی ہے؟
9. سورج کس سمت سے طلوع اور غروب ہوتا ہے؟
10. کیا حقیقت میں سورج طلوع اور غروب ہوتا ہے؟
11. سمت کس کام میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔
12. قطب نما کیا ہے؟

☆ کالم (الف) کو کالم (ب) سے ملائیں۔

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| زمین کا سورج کے گرد ایک چکر | مغرب |
| روشنی کے راستے میں رکاوٹ | چار |
| بنیادی سمتیں | محل وقوع |
| سورج غروب ہوتا ہے | 365 دنوں |
| سمت کا کردار | سایہ |

☆ دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

| روشنی | وقت | مغرب | زاویے | جنوب |
|---|---|---|---|---|
| مخالف | حجم | لمبا | سفر | سورج |

-1 صبح اور شام کے وقت سایہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہوتا ہے۔

-2 روشنی سیدھی لائن میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کرتی ہے۔

-3 زمین اپنے محور میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے گرد گھومتی ہے۔

-4 سایہ روشنی کی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سمت میں بنتا ہے۔

-5 زمین کا زیادہ تر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مٹی اور پتھروں پر مشتمل ہے۔

# یونٹ 2: وسائل اور ان کی اقسام

## SLOs Contents

2.1 وسائل　2.2 قدرتی وسائل　2.3 انسانی وسائل

2.4 سرمائے کے وسائل　2.5 اشیا (مالِ تجارت)　2.6 خدمات

2.7 خریدار اور فروخت کنندہ　2.8 باہمی انحصار　2.9 قلت

2.10 معاشی انتخاب　2.11 سرگرمیاں مشق

## حل شدہ مشقی سوالات

س1: نیچے دیے گئے وسائل کو ان کے درست کالم میں لکھیں۔

دریا، جنگلات، ہوائی جہاز، درزی، دندان ساز، قدرتی گیس، ڈرائیور، سائیکل، سائنسدان، وکیل، صحرا، کارخانہ، بجلی گھر، پہاڑ، ٹیوب ویل

| قدرتی وسائل | انسانی وسائل | سرمایہ کے وسائل |
|---|---|---|
| دریا | درزی | ہوائی جہاز |
| جنگلات | دندان ساز | سائیکل |
| قدرتی گیس | ڈرائیور | کارخانہ |
| صحرا | سائنسدان | بجلی گھر |
| پہاڑ | وکیل | ٹیوب ویل |

س2: دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پر کریں۔

| قلت | خریدار | باہمی انحصار | معاشی انتخاب |
|---|---|---|---|

(i) میں نے کہانیوں کی کتاب خریدی۔

جواب: میں خریدار ہوں۔

(ii) میں سو روپے والی بڑی آئس کریم خریدنا چاہتا تھا لیکن میرے پاس صرف ساٹھ روپے تھے اسی لیے میں نے ساٹھ روپے والی آئس کریم خرید لی۔ میرا یہ فیصلہ کیا کہلاتا ہے؟

جواب: میرا یہ فیصلہ معاشی انتخاب کہلاتا ہے۔

(iii) مارکیٹ میں چینی نہیں مل رہی۔ یہ صورتِ حال کیا کہلاتی ہے؟

جواب: یہ صورت حال قلت کہلاتی ہے۔

(iv) ہمیں اپنی روزمرہ زندگی میں دوسروں کی ضرورت ہوتی ہے۔ اِسے کیا کہتے ہیں؟

جواب: اسے باہمی انحصار کہتے ہیں۔

(v) جو شخص اپنی اشیا بیچتا ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

جواب: اسے فروخت کنندہ کہتے ہیں۔

س3: کالم (الف) کو کالم (ب) میں متعلقہ الفاظ سے ملائیں۔

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| اشیا اور خدمات کا ضرورت سے کم ہونا | مال تجارت |
| قدرت اور مادی وسائل کی پیداوار | معاشی انتخاب |
| انسانی مہارت، ہنر اور قابلیت | خدمات |
| مریضوں کا علاج کرنا | انسانی وسائل |
| مہنگائی یا قلت کی وجہ سے متبادل اشیا استعمال کرنا | قلت |

س4: مختصر جواب دیں۔

.1 وسائل کی کتنی اقسام ہیں؟ ہر ایک کی مثال دیں۔

جواب: وسائل کی تین اقسام ہیں:

(i) قدرتی وسائل مثلاً زمین، جنگلات، پہاڑ، سمندر وغیرہ۔

(ii) انسانی وسائل مثلاً کسان، بڑھئی، پولیس وغیرہ۔

(iii) سرمائے کے وسائل مثلاً ڈیم، کارخانے، مشینیں وغیرہ۔

.2 قلت سے کیا مراد ہے؟

جواب: جب وسائل، اشیا یا خدمات لوگوں کی ضرورت کے لحاظ سے کم ہوں تو لوگوں کو اپنی ضروریات پوری کرنے میں مشکلات پیش آتی ہیں تو اس صورتِ حال کو قلت کہتے ہیں۔

.3 ہم روزمرہ زندگی میں دوسروں پر انحصار کیوں کرتے ہیں؟

جواب: ہم اپنے تمام کام خود نہیں کر سکتے اور نہ ہی اپنی ضرورت کی تمام اشیا بنا سکتے ہیں۔ اس لیے ہمیں دوسروں کی ضرورت رہتی ہے۔ اسے باہمی انحصار کہتے ہیں۔

.4 اشیا اور خدمات میں کیا فرق ہے؟

جواب:

| اشیا (مالِ تجارت) | خدمات |
|---|---|
| روزمرہ زندگی میں جن اشیا کی ضرورت ہوتی ہے وہ قدرتی اور مادی وسائل کی پیداوار ہوتی ہیں۔ یہ اشیا مادی ہوتی ہیں۔ انھیں مال تجارت کہتے ہیں مثلاً ڈبل روٹی، پھل، جوتے وغیرہ۔ | ہماری روزمرہ زندگی میں لوگ ایک دوسرے کے لیے مختلف کام سرانجام دیتے ہیں مثلاً ڈاکٹر، ٹیچر، درزی اور بڑھئی وغیرہ۔ انھیں خدمات کہتے ہیں۔ |

.5 ہم متبادل اشیا کا انتخاب کیوں کرتے ہیں؟

جواب: وسائل کی کمی، مہنگائی یا اشیا کی قلت کی وجہ سے ہم متبادل اشیا کا انتخاب کرتے ہیں۔

.6 کیا دوسروں پر انحصار کیے بغیر ہم اچھی زندگی گزار سکتے ہیں؟

جواب: کوئی بھی انسان اپنے تمام کام خود نہیں کر سکتا اور نہ ہی اپنی ضرورت کی تمام اشیا بنا سکتا ہے۔ اس لیے ہر کسی کو دوسروں کی ضرورت رہتی ہے۔ دوسروں پر انحصار کیے بغیر اچھی زندگی گزارنا ناممکن ہے۔

# AL-RAZI

# Practice Test

# MATHEMATICS

| Roll No: ____________ Name: _________________ | Total Marks: 25 | Time: 30 Minutes |
|---|---|---|
| Gender: Please (✓) one Male ☐ Female ☐ | Test # 1 (Version-A) | Syllabus: Unit-1 |

## SECTION - I

**10 Marks**

**Q.No.1: Write in the Roman Numbers.** **(1 × 3 = 3)**

رومن اعداد میں لکھیں۔

(i) 4 = ______ (ii) 14 = ______

(iii) 15 = ______



**Q.No.2: Write the following numbers in numerals.** **(1 × 4 = 4)**

درج ذیل اعداد کو ہندسوں میں لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| (i) | Thirty two thousand four hundred one بتیس ہزار چار سو ایک | |
| (ii) | Eleven thousand nine hundred گیارہ ہزار نو سو | |
| (iii) | Forty eight thousand six hundred six اڑتالیس ہزار چھ سو چھ | |
| (ii) | Seven thousand seven hundred seventy سات ہزار سات سو ستر | |

**Q.No.3: Write the number of the following objects and identify whether they are even or odd numbers.** **(1 × 3 = 3)**

درج ذیل اشیا کی تعداد لکھیں اور بتائیں کہ وہ جفت اعداد ہیں یا طاق۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
|  | |  | |  | |
| | | | | | |

## SECTION - II

**8 Marks**

**Q.No.1: Fill in the blanks.** **(2 × 2 = 4)**

خالی جگہ پُر کریں۔

(i) 4 287 = ☐ Thousands ہزار + ☐ Hundreds سینکڑے + ☐ Tens دہائیاں + ☐ Ones اکائیاں

(ii) 6 045 = ☐ Thousands ہزار + ☐ Hundreds سینکڑے + ☐ Tens دہائیاں + ☐ Ones اکائیاں

**Q.No.2: Write the following numbers in words. (Any two)** **(2 × 2 = 4)**

درج ذیل اعداد کو الفاظ میں لکھیں۔ (کوئی سے دو)

(i) 1 045 = ______

(ii) 4 372 = ______

(iii) 7 548 = ______

## SECTION - III

**7 Marks**

**Q.No.1: Write the values of the encircled digits.** **(2 × 2 = 4)**

دائرے والے ہندسوں کی قیمت لکھیں۔

(i) ⑧ 5 3 2 ☐    (ii) 9 1 ⓪ 6 ☐

**Q.No.2: Use symbols "<" , ">" and "=" in the given boxes.** **(1 × 3 = 3)**

دیے گئے خانوں میں علامات "<"، ">" اور "=" کا استعمال کریں۔

(i) 432 ☐ 203    (ii) 711 ☐ 711

(iii) 122 ☐ 221

☆☆☆☆☆

# ENGLISH

| Roll No.__________ | Name:______________________ | Total Marks: (25) | Time: 30 Minutes |
|---|---|---|---|
| Gender: Please (✓) one | Male ☐ | Female ☐ | |
| Test # 1 (Version-A) | Syllabus: Unit: 1 | | |

## SECTION - I

7 Marks

**Q.No.1:**

**(a) Fill any FOUR of the following missing letters to complete the words. (4)**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| B _ at | Ca _ e | T _ ble | D _ or | P _ n |

**(b) Circle the words with soft sound of 'c' and soft sound of 'g'. (3)**

| | |
|---|---|
| car | can |
| mice | cement |
| gold | ginger |

## SECTION - II

9 Marks




**Q.No.1:**

**(a) Circle the Proper Noun in each row. (3)**

| | | | |
|---|---|---|---|
| **(a)** | City | Lahore | Country |
| **(b)** | Faria | Sister | Brother |
| **(c)** | Boy | Girl | Ahmad |

**(b) Look at these pictures and write a word containing the digraph 'sh" for each picture.**

**(3)**

| | | |
|---|---|---|
| **(a)** | ____________________ |  |
| **(b)** | ____________________ |  |
| **(c)** | ____________________ |  |

**(c) Match the opposite words.** **(3)**

| | |
|---|---|
| soft | small |
| big | false |
| true | hard |

**SECTION - III** **9 Marks**

**Q.No.1:**

**(a) Write these words in alphabetical order.** **(3)**

| Words: | Alphabetical Order |
|---|---|
| learn | |
| lesson | |
| fast | |
| farmer | |

**(b) Read the paragraph and answer the questions given below.** **(2)**

Today is my first day in Class III. I am very happy. All my friends are also very happy. I like to speak with my friends in English. My teachers help me to learn through games and activities. I come to school every day to learn new things.

**1. What is the given paragraph about?**

**Ans.** ______________________________________________

______________________________________________

**2. What makes you happy on the first day of a new class?**

**Ans.** ______________________________________________

______________________________________________

**(c) Use any FOUR of the following words in meaningful sentences of your own.** **(4)**

| Words | Sentences |
|---|---|
| Know | |
| Activities | |
| Listen | |
| Duster | |
| Follow | |

AL-RAZI PUBLICATIONS

# اُردو

| رول نمبر: ____________ نام: ____________ | کل نمبر: 25 | کل وقت: 30 منٹ |
|---|---|---|
| ٹیسٹ 1 (Version-A) | (حصہ اوّل) | سلیبس: سبق: 1،2،3 |

سوال نمبر1: مندرجہ ذیل سوالوں کے مختصر جواب دیں۔ (8)

سوال الف: نظم "حمد" کے مطابق پھول کہاں کھلتے ہیں؟

جواب: ______________________________

______________________________

______________________________

سوال ب: سب نبیوں میں کس نبی کا مقام بلند ہے اور کیوں؟

جواب: ______________________________

______________________________

______________________________

سوال ج: نظم "حمد" کے مطابق کن چیزوں کو چراغ کہا گیا ہے؟

جواب: ______________________________

______________________________

______________________________

سوال د: سبق "بے مثل ہے ذات رسول کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّى اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی" کے مطابق منبر پر کھڑے ہو کر خطبہ دینے والے اجنبی شخص کون تھے؟

جواب: ______________________________

______________________________

______________________________

## (حصہ دوم)

سوال نمبر1: خالی جگہ میں درست حروف لکھ کر ہم آواز الفاظ بنائیں اور لکھیں۔ (4)

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | ج | |
| ل | گ | ں | م |
| | | گ | |
| | | ل | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | ب | | | |
| | ن | | | |
| | ا | | | |
| ی | ء | ا | ج | س |
| | ی | | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |

سوال نمبر۲: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے چار الفاظ کے معانی لکھیں۔ (4)

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| عظمت | |
| سَنسار | |
| کلام | |
| مقام | |
| صادق | |

## (حصہ سوم)

سوال نمبر۱: مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد لکھیں۔ (4)

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| شاگرد | |
| گورے | |
| خالق | |
| سچ | |

سوال نمبر۲: ''میرا گاؤں'' کے عنوان پر پانچ جملے لکھیں۔ (5)

**یا** دی ہوئی تصویر کو غور سے دیکھیں اور اس میں دکھائی گئی اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی اہمیت سے متعلق پانچ جملے لکھیں۔(SLO)



**نوٹ:** (حصہ سوم مضمون، کہانی، خط، درخواست کے لیے علیحدہ شیٹ استعمال کریں۔)

AL-RAZI PUBLICATIONS

# واقفیت عامہ




| | | | |
|---|---|---|---|
| Roll No: ____________ Name: ____________ | | Total Marks: (25) | Time: 30 Minutes |
| Gender: Please (✓) one Male ☐ Female ☐ | | Test # 1 (Version A) | Unit: 1 - 2 |

## SECTION - I

**9 Marks**

**سوال نمبر1: (ا) درج ذیل میں سے درست جواب والے دائرہ کو بھریں۔** **(1 × 5 = 5)**

**1۔** ذیل میں سے سفر کرنے کے لیے بہتر معاشی انتخاب کی پہچان کریں:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A |  | B |  | C |  | D |  |

**2.** سایہ اس وقت بنتا ہے جب روشنی ______ پر پڑتی ہے۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | غیر شفاف چیز | B | چمکدار چیز | C | غیر چمکدار چیز | D | شفاف چیز |

**3.** روشنی کے سامنے کوئی غیر شفاف چیز آجائے تو بنتا ہے:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | رُخ | B | سایہ | C | قطب نما | D | دائرہ |


**4.** نیچے دی گئی تصاویر کا مشاہدہ کرتے ہوئے روزمرہ زندگی میں میسر ہونے والی انسانی خدمت کی شناخت کریں۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A |  | B |  | C |  | D |  |

**5.** جو شخص اشیا اور خدمات فروخت کرتا ہے، اُسے کہتے ہیں:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | خریدار | B | فروخت کنندہ | C | صارف | D | ٹھیکے دار |

**(ب)** کالم الف کو کالم ب سے ملائیں: **(4)**

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| دوپہر |   |
| طلوع |  |
| سایہ |  |
| قطب نما |  |

AL-RAZI PUBLICATIONS

**Total Marks: 8**

## SECTION – II

**(4 × 2 = 8)**

**سوال نمبر 1:** مندرجہ ذیل سوالات میں سے کوئی سے چار سوالات کے مختصر جواب دیں۔

**(i)** وسائل کی کتنی اقسام ہیں؟ ہر ایک کی مثال دیں۔

جواب: ______________________________

______________________________

**(ii)** سائے کی تعریف کریں۔ کوئی سی دو اشیا کے نام لکھیں جو سایہ بناتی ہیں۔

جواب: ______________________________

______________________________

**(iii)** صبح اور دوپہر کے وقت سائے کی جسامت کیسی ہوتی ہے؟

جواب: ______________________________

______________________________

**(iv)** قلت سے کیا مراد ہے؟

جواب: ______________________________

______________________________

**(v)** ہم روزمرہ زندگی میں دوسروں پر انحصار کیوں کرتے ہیں؟

جواب: ______________________________

______________________________


______________________________

**Total Marks: 8**

## SECTION – III

**(3)**

**سوال نمبر 1:** (ا) نیچے دی گئی تصویروں کو پہچانیں اور ان کے نام لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
|  ______________ |  ______________ |  ______________ |

**(5)**

(ب) دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

| کھیوڑہ | سورج | ڈاکٹر | فروخت کنندہ | مغرب |
|---|---|---|---|---|

-1 ..................مریضوں کا علاج کرتا ہے۔

-2 زمین اپنے محور میں.................. کے گرد گھومتی ہے۔

-3 سورج..................میں غروب ہوتا دکھائی دیتا ہے۔

-4 دنیا کی دوسری بڑی نمک کی کان پاکستان کے شہر..................میں واقع ہے۔

-5 جو شخص اشیا اور خدمات فروخت کرتا ہے اسے..................کہتے ہیں۔

**نوٹ:** پریکٹس ٹیسٹوں میں ضرورت کے تحت طلبہ وطالبات اضافی شیٹ کا استعمال کر سکتے ہیں مگر QAT کے دوران میں اضافی شیٹ کی اجازت نہیں ہوتی۔

AL-RAZI PUBLICATIONS

# Syllabus Class 3 AL-RAZI Conceptual 18 Tests Series (2025-26)

| TEST | G.K. | MATHS | URDU |
|---|---|---|---|
| Test (1) (Version A)<br>Test (1) (Version B) | Unit 1<br>Unit 2 | Unit 1:<br>Whole Numbers | سبق نمبر 1، 2، 3 مضمون: میرا گاؤں، دی ہوئی تصویر کو غور سے دیکھیں اور اس میں دکھائی گئی اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی اہمیت سے متعلق پانچ جملے لکھیں۔ (SLO)، دیے ہوئے الفاظ کی مدد سے حضرت محمد رَسُوْلُ اللّٰہِ خَاتَمُ النَّبِیِّنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے بارے میں پانچ جملے لکھیں۔ کہانی: پیاسا کوا، گرامر: واحد جمع قواعد: حرف۔ لفظ، لفظ کی اقسام (معانی کے لحاظ سے)کلمہ مہمل۔ کلمہ کی قسمیں |
| Test (2) (Version A)<br>Test (2) (Version B) | Unit 3<br>Unit 4 | Unit 2:<br>Number Operations | سبق نمبر 4، 5، 6 مضمون: میرا استاد۔ ہمارا وطن پاکستان۔ موبائل فُون مارٹن کوپر نے اِیجاد کیا۔ چند جملوں میں لکھ کر بتائیں کہ اگر آپ کو کوئی چیز اِیجاد کرنے کا موقع ملے تو وہ چیز کون سی ہوگی اور کیوں؟ نیز آپ اس سے کیا کیا کام لینا چاہیں گے؟ (SLO)، دیے ہوئے الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔ ''میرا گھر'' کے عنوان پر 5 جملے لکھیں۔ گرامر: مذکر مؤنث قواعد: جملہ، جملے کی اقسام |
| Test (3) (Version A)<br>Test (3) (Version B) | Unit 5<br>Unit 6<br>Unit 7 | Unit 3:<br>Fractions | سبق نمبر 7، 8، 9، 10 مضمون: دیے ہوئے اشاروں کی مدد سے بُوجھیں کہ یہ کس شخصیت کے بارے میں ہیں اور اس شخصیت کے بارے میں پانچ جملے لکھیں۔، ''اتفاق میں برکت ہے'' کے عنوان پر پانچ جملے لکھیں۔ صفائی۔ آپ کی پسندیدہ سواری کون سی ہے اور کیوں؟ اس کے بارے میں دس مربُوط جملے لکھیں۔ (SLO) گرامر: الفاظ مترادف قواعد: اسم کی اقسام (گنتی کے لحاظ سے)، اسم کی اقسام (جنس کے لحاظ سے) |
| Test (4) (Version A)<br>Test (4) (Version B) | Unit 8<br>Unit 9<br>Unit 10 | Unit 4:<br>Measurement<br>(Length , Mass and Capacity) | سبق نمبر 11، 12، 13، 14 مضمون: عیدالفطر۔، نیچے دی ہوئی تصویر کو غور سے دیکھیں اور پہچانیں کہ یہ کس موسم کی ہے؟ بعد ازاں اس موسم سے متعلق دس جملے لکھیں۔ (SLO)، ''صحبت کا اثر'' کے عنوان پر پانچ جملے لکھیں۔، دیے ہوئے اشاروں کی مدد سے پاکستان کے قومی پرچم کے بارے میں پانچ مربوط جملے لکھیں۔ (SLO) گرامر: الفاظ متضاد قواعد: فاعل۔ فعل۔ مفعول، فعل ماضی۔ فعل حال۔ فعل مستقبل |
| Test (5) (Version A)<br>Test (5) (Version B) | Unit 11<br>Unit 12 | Unit 5:<br>Measurement<br>(Time) | سبق نمبر 15، 16 ''جیسا کرو گے ویسا بھرو گے'' کے عنوان پر پانچ جملے لکھیں۔، دی ہوئی تصویر سے متعلق فعل ماضی کے پانچ جملے لکھیں اور پھر انھیں فعل حال اور فعل مستقبل میں تبدیل کریں۔ (SLO) کہانی: ''اور صِلہ مل گیا'' کا اختتام بدل کر اپنے الفاظ میں لکھیں۔ (SLO)، ''کمپیوٹر'' کے عنوان پر پانچ جملے لکھیں۔ گرامر: ہم آواز الفاظ قواعد: اسم ضمیر، اسم نکرہ۔ اسم معرفہ |
| Test (6) (Version A)<br>Test (6) (Version B) | Unit 13<br>Unit 14 | Unit 6:<br>Geometry | سبق نمبر 17، 18، 19 مضمون: دیے ہوئے اشاروں کی مدد سے پیارے وطن پاکستان کے بارے میں پانچ جملے لکھیں۔ (SLO)، ''علامہ محمد اقبال ؒ'' کے عنوان پر پانچ جملے لکھیں۔، فرض کریں کہ اگر آپ کو ایک روبوٹ مل جائے تو آپ اُس سے کیا کام لینا چاہیں گے اور کیوں؟ چند جملوں میں لکھ کر بتائیں۔ (SLO)، ''احسان کا بدلہ احسان ؒ'' کے عنوان پر پانچ جملے لکھیں۔ گرامر: الفاظ کا جملوں میں استعمال قواعد: استفہامیہ جملے، حروف استعجاب |
| (1st Half) | Unit 1 - 7 | Unit 1: Whole Numbers,<br>Unit 2: Number Operations<br>Unit 3: Fractions | سبق: 1 تا 10 فرسٹ ہاف<br>(مع مشق و درج بالا مضامین، کہانیاں، خطوط، درخواستیں، قواعد و حاصلات تعلم) |
| (2nd Half) | Unit 8 - 14 | Unit 4: Measurement<br>(Length , Mass and Capacity)<br>Unit 5: Measurement (Time)<br>Unit 6: Geometry | سبق: 11 تا 19 سیکنڈ ہاف<br>(مع مشق و درج بالا مضامین، کہانیاں، خطوط، درخواستیں، قواعد و حاصلات تعلم) |
| Full Syllabus | Contains full syllabus - Version wise 4 tests (QAT Past Papers) | | |

AL-RAZI PUBLICATIONS
**Address :** Shop No.18, Al-Kareem Market, Urdu Bazar, Lhr.
**Tel** : 042-37242421, 042-37141595 **Cell:** 0318-4598150, 0319-1588845
**E-mail** : alrazienterprises1@gmail.com
**Youtube :** success with Al-Razi Publications

Rs. 295/-